# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING
# LUCKY CORE INDUSTRIES LIMITED

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting ("EOGM") of Lucky Core Industries Limited (the "Company") will be held on Monday, May 11, 2026 at 10:00 a.m. at 5 West Wharf, Karachi and through video-conferencing.

Instructions with regard to participation appear in the notes below. While convening the EOGM, the Company will observe the quorum provisions and will comply with regulatory requirements.

The EOGM is being held to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To elect eight (8) directors as fixed by the Board in accordance with Section 159(1) of the Companies Act, 2017 for a period of three (3) years commencing from May 11, 2026.

The names of the retiring directors are as follows:

1. Mr. Muhammad Sohail Tabba
2. Mr. Muhammad Ali Tabba
3. Mr. Jawed Yunus Tabba
4. Mrs. Amina A. Aziz Bawany
5. Mr. Asif Jooma
6. Syed Muhammad Shabbar Zaidi
7. Mr. Ariful Islam
8. Mr. Zaffar Ahmad Khan

By Order of the Board

April 17, 2026
Karachi

**Laila Bhatia Bawany**
Company Secretary

**Notes:**

1. **Closure of Share Transfer Books:**
   The Share Transfer Books of the Company will remain closed from May 04, 2026 to May 11, 2026 (both days inclusive). Share transfers received in order at the office of the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited, 8-F, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi, by the close of business on April 30, 2026, will be considered as being in time, to entitle the transferees to attend and vote at the EOGM.

2. **Participation in the EOGM via Physical Presence or Through Video Conferencing:**
   Members whose names appear in the Register of Members as of April 30, 2026, shall be entitled to attend and vote at the EOGM. A Member entitled to attend and vote at the EOGM is entitled to appoint a proxy to attend, speak and vote for him/her.

   An instrument of proxy applicable for the EOGM is being provided with the Notice sent to Members. Further copies of the instrument of proxy may be obtained from the Registered Office of the Company during normal office hours, or downloaded from the Company's website: www.luckycore.com.

   An instrument of proxy and the power of attorney or other authority (if any) under which it is signed, or a certified true copy of such power or authority duly notarized, must be deposited through email on general.meetings@luckycore.com or at the registered address of the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited, not less than forty-eight (48) hours before the time of EOGM.

   To attend the EOGM through video-conferencing facility, Members are requested to register themselves by providing the following information through email at general.meetings@luckycore.com at least forty-eight (48) hours before the EOGM along with a valid copy of their CNIC.

| Name of Member | CNIC / NTN No. | Folio No. / CDC IAS A/C No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

   Members submitting the above information will be registered, after necessary verification, and will be provided an online meeting link and login credentials by the Company via email. Only those Members/Proxies will be accepted at the EOGM via video-conferencing whose names match the details shared with the Company for registration (as mentioned above). The login facility will remain open from 09:45 a.m. till the end of EOGM.

3. **Guidelines for Central Depository Company of Pakistan Limited ('CDC') Investor Account Holders:**
   CDC Investor Account Holders will further have to follow the under-mentioned guidelines as laid down in Circular No. 1 dated January 26, 2000, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

   a. **for attending the EOGM:**
      (i) In case of individuals, the investor account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall authenticate his / her identity by showing his / her original CNIC or valid passport at the time of attending the EOGM.

      (ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the EOGM.

   b. **for appointing Proxies:**
      (i) In case of individuals, the investor account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per CDC Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement laid out in Note 2.

      (ii) The proxy form shall be witnessed by two (2) persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

      (iii) Attested copies of valid CNIC or passport of the beneficial owners and the proxy holder shall be furnished along with the proxy form.

(iv) The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the Meeting.

(v) In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy form to the Company.

4. **Conversion of Physical Shares into the Book Entry Form:**
   The SECP through its letter No. CSD/ED/Misc/2016-639-640 dated March 26, 2021 has advised listed companies to adhere to the provisions of section 72 of the Companies Act, 2017 by replacing physical shares issued by them into book-entry form.

   The Members of the Company having physical folios / share certificates are requested to convert their shares from physical form into book-entry form as soon as possible. The Members may contact their Broker, CDC Participant or CDC Investor Account Service Provider for assistance in opening a CDS Account and subsequent conversion of the physical shares into book-entry form. It would facilitate the Members in many ways including safe custody of shares, avoidance of formalities required for the issuance of duplicate shares etc. For further information and assistance, the Members may contact the Company's Share Registrar M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited.

5. **E-Voting / Postal Ballot:**
   Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 and notified amendments, Members will be allowed to exercise the right to vote through electronic voting facility and postal ballot for the purpose of election of directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159 of the Act. Voting shall be conducted in the manner and as per the procedures contained in the Regulations.

   The Board of the Company has appointed M/s BDO Ebrahim & Co., a QCR rated audit firm, to act as the Scrutinizer of the Company for election of directors in the meeting and to undertake other responsibilities as defined in Regulation 11A of the Regulations.

6. **Procedure and Documents to Contest for Election of Directors**
   All retiring directors are eligible to offer themselves for re-election. Any person who seeks to contest the election of directors must follow the procedure and file a notice of his/her intention to offer himself/herself for election as a director in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017, along with other necessary documents as detailed in the Statement of Material Facts which is attached with this Notice, no later than fourteen (14) days before the date of the EOGM.

7. **List of Shareholders**
   As per Clause 2(g) of SRO 1196(I)/2019 dated October 03, 2019, a password protected list of shareholders and their addresses is available on the website of the Company. Candidates intending to contest the election can submit a request for the password to access the list of shareholders by emailing the Company at general.meetings@luckycore.com with their full name, CNIC number and folio number.

8. **Requirement to Incorporate Email Address and Cell Number**
   Members are requested to have their updated email and cell number incorporated in their physical folio with the Company's Share Registrar and with their Participant or Broker / CDC Investor Account Services for shares held in electronic form.

9. **Restriction on Distribution of Gifts to Members:**
   The SECP, vide Circular No. 2 of 2018 dated February 9, 2018, and S.R.O. 452(I)/2025 dated March 17, 2025, has strictly prohibited companies from offering or distributing gifts, incentives, or any similar benefits (including but not limited to tokens, coupons, meals, or takeaway packages) to Members at or in connection with general meetings. In accordance with Section 185 of the Companies Act, 2017, any non-compliance with these directives constitutes a punishable offence, and companies found in violation may be subject to enforcement actions and penalties.

**STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

**Agenda Item no. 1**

This Statement sets out the material facts pertaining to the Ordinary Business as described in the Notice of the Extraordinary General Meeting ("EOGM") of the Company.

The term of office of the current directors of the Company will expire on May 11, 2026. In accordance with Section 159(1) of the Companies Act, 2017, the Board of Directors have fixed the number of directors to be elected at the EOGM at eight (8), to hold the office of director for a period of three (3) years commencing from the date of the EOGM.

Independent directors shall be selected in accordance with the provisions of the Companies Act, 2017, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

Any person who seeks to contest the election of the office of director, whether they are a retiring director or otherwise, shall submit the following documents to the Company Secretary at the Registered Office of the Company, no later than fourteen (14) days before the date of the EOGM:

1. Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of directors as per Section 159(3) of the Companies Act, 2017 and consent to act as a director on the Appendix to Form 9 as prescribed under the Companies Act, 2017 and the Companies Regulations, 2024.

2. Any person contesting the election of directors must be a Member of the Company at the time of filing his/her consent unless such person is exempt under Section 153(i) of the Companies Act, 2017.

3. A signed declaration confirming that:

   a. He/she is aware of his/her duties and powers under the Companies Act, 2017, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited, and other relevant laws and regulations.

   b. He/she is not ineligible to become a director of a listed company under the provisions of the Companies Act, 2017, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and other applicable laws/regulations.

4. A detailed profile along with his/her office address for placement on the Company's website as required under SRO 1196 (I)/2019 dated October 03, 2019.

5. Detail of directorship offices held.

6. Copy of valid CNIC or Passport (in case of a foreign national) along with NTN and Folio Number/Account or Sub Account number.

**Additional Documents for Candidates Intending to Contest the Election as an Independent Director**

Independent directors will be elected in accordance with Sections 159 and 166 of the Companies Act, 2017 and shall meet the criteria laid down under Section 166 of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

The following additional documents are required to be submitted by the candidates intending to contest the election as an independent director:

a Declaration of independence under Regulation 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019;

b. Undertaking on non-judicial stamp paper that he/she meets the requirements of Regulation 4(1) of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

The final list of candidates contesting the election will be circulated no later than seven (7) days before the date of the EOGM in terms of Section 159(4) of the Companies Act, 2017. The website of the Company will be updated with the required information and candidates' profiles.

# غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ (" کمپنی ") کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروز پیر، 11 مئی 2026 کو صبح 10:00 بجے، 5 ویسٹ وہارف، کراچی میں اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

ہدایات برائے شرکت درج ذیل نوٹس میں فراہم کی جا رہی ہیں۔ کمپنی غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے متعلق کورم کی شرائط اور قانونی تقاضوں کی تعمیل کرے گی۔

غیر معمولی اجلاسِ عام درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے:

**عمومی کاروبار:**

1. کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت بورڈ کی جانب سے تعین کردہ 8 ڈائریکٹرز کا 11 مئی 2026 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لیے انتخاب کرنا۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ جناب محمد سہیل ٹبہ

2۔ جناب محمد علی ٹبہ

3۔ جناب جاوید یونس ٹبہ

4۔ مسز امینہ اے عزیز باوانی

5۔ جناب آصف جمعہ

6۔ سید محمد شبر زیدی

7۔ جناب عارف الاسلام

8۔ جناب ظفر احمد خان

17 اپریل، 2026
کراچی

حسب الحکم بورڈ

لیلیٰ بھامیہ باوانی
کمپنی سیکریٹری

## نوٹس:

### 1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 04 مئی، 2026 تا 11 مئی، 2026 (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8-، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کے دفتر میں 30 اپریل، 2026 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والے شیئر ٹرانسفرز کو حسب ترتیب غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

### 2۔ بذاتِ خود یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت:

30 اپریل، 2026 کو ممبران کے رجسٹر میں جن ممبران کے نام درج ہوں گے، وہ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہوں گے۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ممبر کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی کو بطور نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

اجلاس کے لیے موثر پراکسی دستاویز ممبران کو بھیجے گئے نوٹس کے ساتھ فراہم کی جارہی ہے۔ پراکسی فارم کی مزید نقول کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر سے معمول کے دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں یا کمپنی کی ویب سائٹ www.luckycore.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔

پراکسی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر کوئی مختار نامہ (اگر کوئی ہو) جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہوں یا ایسے کسی پاور یا مختار نامے کی باقاعدہ نوٹرائزڈ مصدقہ نقل غیر معمولی اجلاسِ عام سے کم از کم 48 گھنٹے قبل general.meetings@luckycore.com پر ای میل کی جاسکتی ہے یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرائی جاسکتی ہے۔

ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل general.meetings@luckycore.com پر ای میل کے ذریعے درج ذیل معلومات مع اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی موثر کاپی فراہم کرکے خود کو رجسٹر کرائیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی / این ٹی این نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی IAS اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

مذکورہ بالا تفصیلات فراہم کرنے والے ممبران کو ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر کیا جائے گا اور انہیں کمپنی کی جانب سے ای میل کے ذریعے ایک آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ ان لوازمات فراہم کیے جائیں گے۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں وہی ممبران / پراکسیز شریک ہوسکیں گے، جن کے نام رجسٹریشن کے لیے کمپنی کو بھیجے گئے کوائف کے مطابق ہوں گے (جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے)۔ لاگ ان کی سہولت صبح 9:45 سے غیر معمولی اجلاسِ عام کے اختتام تک دستیاب ہوگی۔

### 3۔ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ہدایات:

سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 کے مطابق درج ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**الف) غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہو چکی ہیں، غیر معمولی اجلاسِ عام کے وقت اصل سی این آئی سی یا موثر پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاسِ عام کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

**ب) پراکسی کے تقرر کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ ہو چکی ہیں، مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق، جو نوٹ 2 میں بیان کیے گئے ہیں، پراکسی فارم جمع کروائیں۔

(ii) پراکسی فارم کے لیے 2 گواہان ضروری ہیں، جن کے نام، ایڈریس اور سی این آئی سی نمبر، فارم پر درج ہوں۔

(iii) بینفیشل مالکان اور پراکسی ہولڈر کے موثر سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانی ہوں گی۔

(iv) پراکسی اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کرے گا۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی، دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کو فراہم کرنا ہوگا۔

**4۔ فزیکل شیئرز کی بُک انٹری فارم میں تبدیلی:**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے خط نمبر: CSD/ED/Misc/2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021 میں لسٹڈ کمپنیز کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کی دفعات کی پابندی کرتے ہوئے اپنے جاری کردہ فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔

کمپنی کے فزیکل فولیوز / شیئر سرٹیفکیٹس رکھنے والے ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے بُک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ ممبرز اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپینٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے رابطہ کرکے سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرانے میں مدد لے سکتے ہیں۔ اس سے شیئر ہولڈرز کو شیئرز کی محفوظ تحویل اور متبادل شیئرز کے اجراء کے لیے درکار رسمی کارروائیوں سے بچنا وغیرہ سمیت کئی طرح سے سہولت ملے گی۔ مزید معلومات اور معاونت کے لیے ممبران کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

**5۔ ای ووٹنگ / پوسٹل بیلٹ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور نوٹیفائیڈ ترامیم کے مطابق ممبران کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، اگر خود کو انتخاب کے لیے پیش کرنے والے افراد کی تعداد ایکٹ کی دفعہ 159 کے تحت مقررہ کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تو ووٹنگ ریگولیشنز میں درج قواعد اور طریقہ کار کے مطابق ہوگی۔

کمپنی کے بورڈ نے میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی کو، جو ایک QCR ریٹڈ آڈٹ فرم ہے، کو اجلاس میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے کمپنی کا اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے اور اسے ریگولیشنز کے ریگولیشن 11A میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریاں بھی سونپی گئی ہیں۔

6۔ **ڈائریکٹرز کے انتخاب میں شرکت کا طریقہ کار اور درکار دستاویزات:**

ریٹائر ہونے والے تمام ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے اہل ہیں۔ کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، اسے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(3) کے مطابق بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لیے اپنی امیدواری کا نوٹس جمع کرانا ہوگا، جس کے ساتھ دیگر ضروری دستاویزات بھی شامل ہوں گی جیسا کہ اس نوٹس کے ساتھ منسلک اسٹیٹمنٹ آف مٹیریل فیکٹس میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ یہ تمام دستاویزات غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل جمع کرانا ضروری ہے۔

7۔ **شیئر ہولڈرز کی فہرست:**

مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے ایس آر او 1196(I)/2019 کی شق 2(g) کے مطابق، شیئر ہولڈرز اور ان کے پتوں کی پاس ورڈ سے محفوظ فہرست کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ وہ امیدوار جو انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں، شیئر ہولڈرز کی فہرست تک رسائی کے لیے پاس ورڈ حاصل کرنے کی غرض سے کمپنی کو general.meetings@luckycore.com پر ای میل کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں، جس میں اپنا مکمل نام، شناختی کارڈ نمبر (CNIC) اور فولیو نمبر فراہم کرنا ہوگا۔

8۔ **ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر درج کرنے کی شرط:**

ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے فزیکل فولیو کے لیے اَپ ڈیٹ شدہ ای میل اور موبائل فون نمبر فراہم کریں اور الیکٹرانک شکل میں شیئرز کی صورت میں اپنے پارٹیسپینٹ یا بروکر / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

9۔ **ممبران میں تحائف کی تقسیم پر پابندی:**

ایس ای سی پی نے 2018 کے سرکلر نمبر 2، مورخہ 9 فروری، 2018 اور ایس آر او 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ، 2025 کے ذریعے، کمپنیوں کو ممبران کو اجلاس عام میں یا اس کے حوالے سے تحائف، مراعات، یا کسی بھی قسم کے ملتے جلتے فوائد (بشمول ٹوکن، کوپن، بعام یا ٹیک اوے پیکجز لیکن ان تک محدود نہیں) پیش کرنے یا تقسیم کرنے سے سختی کے ساتھ منع کیا ہے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 185 کے مطابق ان ہدایات کی عدم تعمیل ایک قابل سزا جرم ہے اور خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں کے خلاف تادیبی کارروائیاں اور جرمانے کیے جاسکتے ہیں۔

# کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(3) کے تحت اہم حقائق پر مبنی اسٹیٹمنٹ

**ایجنڈا آئٹم نمبر 1**
یہ اسٹیٹمنٹ کمپنی کے غیر معمولی اجلاسِ عام کے نوٹس میں درج عمومی کاروبار ("EOGM") سے متعلق حقائق پر مبنی ہے۔

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز کی مدت 11 مئی 2026 کو ختم ہو رہی ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کی تعمیل میں، بورڈ نے غیر معمولی اجلاسِ عام میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد 8 رکھی ہے، جو غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لیے ڈائریکٹر کے منصب پر فائز رہیں گے۔

خود مختار ڈائریکٹرز کا سلیکشن کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کی دفعات کے تحت ہوگا۔

آفس آف ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند کسی بھی فرد کو چاہے وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہے یا کوئی اور، درج ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کمپنی سیکریٹری کے پاس جمع کرانی ہوں گی، دستاویزات غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل جمع کرانا لازمی ہے:

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کی تعمیل میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے ارادے کی اطلاع اور کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے تحت مجوزہ فارم 9 کے ضمیمے پر ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی دینی ہوگی۔

2۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے ہر فرد کے لیے اپنی رضامندی کی اطلاع دیتے وقت کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے، ماسوائے اس شخص کے کہ جو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (i) 153 کے تحت مستثنیٰ ہو۔

3۔ دستخط شدہ اقرار نامہ جس میں درج ذیل کی تصدیق ہو کہ:

(الف) وہ کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، رول بک آف پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضوابط کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے واقف ہے۔

(ب) کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضوابط کی دفعات کے تحت وہ کسی لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

4۔ ایس آر او 1196(I)/2019 بتاریخ 3 اکتوبر، 2019 کے تحت مطلوب کمپنی کی ویب سائٹ پر لگانے کے لیے اپنے تفصیلی کوائف مع دفتری پتہ۔

5۔ موجودہ ڈائریکٹر شپ آفسز کی مکمل تفصیلات۔

6۔ موثر CNIC یا پاسپورٹ (غیر ملکی شہری کی صورت میں) کی نقل مع NTN اور فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ نمبر۔

**خود مختار ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند افراد کے لیے اضافی دستاویزات**
خود مختار ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 اور 166 کے تحت عمل میں لایا جائے گا اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کی دفعات کے مطابق اہلیت کا حامل ہوگا۔

خود مختار ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند افراد کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانی ہوں گی:

(الف) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ریگولیشن 6(3) کے تحت خود مختار ہونے کا اقرار نامہ۔

(ب) نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ وہ دی کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 4(1) کے تقاضوں کو پورا کرتا/کرتی ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(4) کی تعمیل میں انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حتمی فہرست غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم سات (7) روز قبل مشتہر کی جائے گی۔ کمپنی کی ویب سائٹ کو مطلوبہ معلومات اور امیدواروں کی پروفائل کے ساتھ اپ ڈیٹ کر دیا جائے گا۔